SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XXXIII مجریہ ۲۰۰۱

SINDH ORDINANCE NO.XXXIII OF 2001

سندھ شہری اسٹیٹ لینڈ (الاٹمنٹس، تبدیلیاں اور ادلا بدلی کی تنسیخ) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱

THE SINDH URBAN STATE LAND (CANCELATION OF ALLOTMENTS, CONVERSIONS AND EXCHANGES) (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی ترمیم
Amendment of Sindh Ordinance No.III of 2001
۳۔ ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی دفعہ ۳ کی ترمیم
Amendment section 3 of Sindh Ordinance No.III of 2001
۴۔ ۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی دفعہ ۵ کی ترمیم
Amendment section 5 of Sindh Ordinance No.III of 2001

سندھ آرڈیننس نمبر XXXIII مجریہ ۲۰۰۱

SINDH ORDINANCE NO.XXXIII OF 2001

سندھ شہری اسٹیٹ لینڈ (الاٹمنٹس، تبدیلیاں اور ادلا بدلی کی تنسیخ) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱

THE SINDH URBAN STATE LAND (CANCELATION OF ALLOTMENTS, CONVERSIONS AND EXCHANGES) (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

[۲۵ اکتوبر ۲۰۰۱]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ شہری اسٹیٹ لینڈ (الاٹمنٹس، تبدیلیاں اور ادلا بدلی کی تنسیخ) آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ شہری اسٹیٹ لینڈ (الاٹمنٹس، تبدیلیاں اور ادلا بدلی کی تنسیخ) آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان کے تحت اور پرووزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر نمبر۔ ۱ کے تحت تحلیل کی گئی ہے۔

اور جیسا کہ گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے۔

لہذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پرووزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پرووزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔ ۹، اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱)اس آرڈیننس کو سندھ شہری اسٹیٹ لینڈ (الاٹمنٹ، تبدیلیاں اور ادلا بدلی کی تنسیخ) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۱ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا اور اس کو ۳ جنوری ۲۰۰۱ سے نافذ سمجھا جائے گا۔

۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی ترمیم
Amendment of Sindh Ordinance No.III of 2001

۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی دفعہ ۳ کی ترمیم

Amendment section 3 of Sindh Ordinance No.III of 2001

۲۔ (۱) سندھ شہری، اسٹیٹ لینڈ (الاٹمنٹس، تبدیلیاں اور ادلا بدلی کی تنسیخ) آرڈیننس، ۲۰۰۱ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا، اس میں الفاظ "شہری سرکاری زمین" جہاں بھی آئیں، الفاظ "سرکاری زمین" کو متبادل بنایا جائے گا۔

۳۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۳ میں، الفاظ "رد ہو جائیں گے" کے لیئے الفاظ "اس سلسلے میں کی گئی لین دین رد ہو جائے گی" کو متبادل بنایا جائے گا۔

۲۰۰۱ کے سندھ آرڈیننس نمبر III کی دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment section 5 of Sindh Ordinance No.III of 2001

۴۔ مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۵ میں، لفظ "ادا کیا گیا" اور لفظ "کرے گا" کے درمیاں الفاظ "اور تمام ذمیداریوں سے بری الذمہ ہیں" کو شامل کیا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا